سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

(منگل 26، بدھ 27۔اکتوبر، بدھ 17، جمعتہ المبارک 19، سوموار 22، منگل 23۔نومبر 2021)

(یوم الثلاثہ 19، یوم الاربعاء 20۔ ربیع الاوّل، یوم الاربعاء 11، یوم الجمع 13، یوم الاثنین 16،
یوم الثلاثہ۔17 ربیع الثانی 1443ھ)

## سترہویں اسمبلی: چھتیسواں، سینتیسواں اجلاس

جلد 36 : شمارہ جات : 1 تا 2

جلد 37 : شمارہ جات : 1 تا 4

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات

## مندرجات

## چھتیسواں اجلاس

منگل،26۔اکتوبر2021

جلد 36 : شمارہ 1


| نمبر شمار | مندرجات | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1۔ | اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ | ------------ | 1 |
| 2۔ | ایجنڈا | ------------ | 3 |
| 3۔ | ایوان کے عہدے دار | ------------ | 9 |
| 4۔ | تلاوت قرآن پاک وترجمہ | ------------ | 15 |
| 5۔ | نعت رسول مقبولﷺ | ------------ | 16 |
| 6۔ | چیئر مینوں کا پینل | ------------ | 17 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | **تعزیت** | |
| 7۔ | پاکستان کے قومی ہیرو ڈاکٹر عبدالقدیر خان (مرحوم)، معزز ممبر جناب نشاط احمد خان ڈاہا (مرحوم)، صادق آباد میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد، معزز ممبر قومی اسمبلی جناب محمد پرویز ملک کی وفات پر دعائے مغفرت اور معزز ممبر جناب پیٹر گل کی وفات پر ایک منٹ کی خاموشی ---------- | 17 |
| | **رپورٹ** (جو پیش ہوئی) | |
| 8۔ | مسودہ قانون (ترمیم) سول سرونٹس پنجاب 2021 کے بارے مجلس خصوصی نمبر 12 کی رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا ---------- | 19 |
| | **غیر سرکاری ارکان کی کارروائی** | |
| | **تحریک** | |
| 9۔ | مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک ---------- | 20 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 10۔ | مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف لاہور 2021 ---------- | 21 |
| | **تحریک** | |
| 11۔ | مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک ---------- | 21 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 12۔ | مسودہ قانون راشد لطیف خان یونیورسٹی 2021 ---------- | 22 |
| | **تحریک** | |
| 13۔ | مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک ---------- | 23 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 14۔ | مسودہ قانون کمیونٹی سیفٹی میسرز ان سپورٹس اینڈ ہیلتھ کلبز پریمسز پنجاب 2021 ---------- | 23 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **تحریک** | |
| 15۔ | مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک ---------- | 24 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 16۔ | مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور 2021---------- | 25 |
| 17۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ---------- | 26 |
| | **قرارداد** | |
| 18۔ | مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961 کے تحت نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کرنے کا مطالبہ ----------- | 26 |
| | **بدھ، 27۔اکتوبر 2021** | |
| | **جلد 36: شمارہ 2** | |
| 19۔ | ایجنڈا ----------- | 31 |
| 20۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ----------- | 33 |
| 21۔ | نعت رسول مقبول ﷺ ----------- | 34 |
| | **سوالات** (محکمہ خوراک) | |
| 22۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو مؤخر ہوئے) ----------- | 35 |
| | **بحث** | |
| 23۔ | مہنگائی پر عام بحث ----------- | 36 |
| | **سرکاری کارروائی** | |
| | **آرڈیننس** (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) | |
| 24۔ | آرڈیننس (ترمیم) دی پنجاب میڈیکل اور ہیلتھ انسٹی ٹیوشنز 2021----------- | 49 |
| 25۔ | آرڈیننس (ترمیم) دی راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی 2021 ----------- | 49 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **مسودات قانون** (جو متعارف ہوئے) | |
| 26۔ | مسودہ قانون (ترمیم) جنرل پراویڈنٹ انویسٹمنٹ فنڈ پنجاب 2021 ---------- | 50 |
| 27۔ | مسودہ قانون (ترمیم) پنشن فنڈ پنجاب 2021 ---------- | 50 |
| 28۔ | مسودہ قانون (ترمیم) صوبائی موٹر گاڑیاں 2021 ---------- | 50 |
| 29۔ | مسودہ قانون گرینڈ ایشین یونیورسٹی سیالکوٹ 2021 ---------- | 51 |
| 30۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ---------- | 51 |
| | **مسودہ قانون** (جو زیر غور لایا گیا) | |
| 31۔ | مسودہ قانون (ترمیم) سول سرونٹ پنجاب 2021 ---------- | 53 |
| 32۔ | مہنگائی پر عام بحث (---جاری) ---------- | 55 |
| | **تحاریک التوائے کار** | |
| 33۔ | گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں داخلے میرٹ کی بجائے پسند اور ناپسند پر کئے جانے سے طلباء میں تشویش ---------- | 64 |
| 34۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ---------- | 65 |
| | **قرارداد** | |
| 35۔ | چنیوٹ اور پنڈی بھٹیاں کے موضع جات میں گیس کنکشن فراہم کرنے کا مطالبہ---- | 66 |
| 36۔ | اجلاس کے اختتام کا اعلامیہ ---------- | 68 |
| | **بدھ، 17۔نومبر 2021** | |
| | **جلد 37 : شمارہ 1** | |
| 37۔ | اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ ---------- | 71 |
| 38۔ | ایجنڈا ---------- | 73 |
| 39۔ | ایوان کے عہدے دار ---------- | 75 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 40۔ | تلاوت قرآن پاک وترجمہ ------------ | 81 |
| 41۔ | نعت رسول مقبول ﷺ ------------ | 82 |
| 42۔ | چیئرمینوں کا پینل ------------ | 83 |
| | **تعزیت** | |
| 43۔ | معزز ممبر جناب عبدالحی دستی کی والدہ ماجدہ، مخدوم رضا حسین بخاری کے والد محترم اور جناب جاوید انصاری کے بھائی کی وفات پر دعائے مغفرت ------------ | 83 |
| | **سوالات** (محکمہ زراعت) | |
| 44۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو مؤخر ہوئے) ------------ | 84 |
| | **رپورٹ** (جو پیش ہوئی) | |
| 45۔ | مسودہ قانون صحت اور سپورٹس کلبز کے لئے کمیونٹی تحفظ کے اقدامات پنجاب 2021 کے بارے میں مجلس خصوصی نمبر 12 کی رپورٹ کا پیش کیا جانا ---------- | 88 |
| | **تحاریک التوائے کار** | |
| 46۔ | ملتان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ملی بھگت سے غیر قانونی نقشہ جات کی منظوری ------------ | 88 |
| 47۔ | جم خانہ کلب راولپنڈی کو فنکشنل کرنے کا مطالبہ ------------ | 89 |
| | **رپورٹیں** (جو پیش ہوئیں) | |
| 48۔ | مسودہ قانون ساؤتھ پنجاب انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈیرہ غازی خان 2020<br>(ii) مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف لاہور 2021<br>(iii) مسودہ قانون راشد لطیف خان یونیورسٹی 2021 اور<br>(vi) مسودہ قانون (ترمیم) یورنیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور 2021<br>کے بارے میں قائمہ کمیٹی برائے ہائر ایجوکیشن کی رپورٹوں کا پیش کیا جانا ---------- | 91 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | آرڈیننس(جو ایوان کی میز پر رکھا گیا) | |
| 49۔ | آرڈیننس (دوسری ترمیم) بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کا کمیشن پنجاب 2021۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 92 |
| | **جمعتہ المبارک ،19۔نومبر 2021** | |
| | **جلد 37 : شمارہ 2** | |
| 50۔ | ایجنڈا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 97 |
| 51۔ | تلاوت قرآن پاک وترجمہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 99 |
| 52۔ | نعت رسول مقبول ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 100 |
| | حلف | |
| 53۔ | نومنتخب ممبر کا حلف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 101 |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 54۔ | رحیم یار خان میں گنے کے کاشتکاروں سے انتظامیہ کا ناروا سلوک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 101 |
| 55۔ | بھیرہ انٹر چینج پر تاریخی شیر شاہ سوری مسجد کی تزئین وآرائش کرنے کا مطالبہ ۔۔۔۔۔ | 103 |
| | زیرو آر نوٹس | |
| 56۔ | یکساں نصاب تعلیم کے تحت شائع ہونے والی اسلامیات کی کتب میں | |
| | فاش اغلاط کا انکشاف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 106 |
| 57۔ | صوبہ میں غیر قانونی چنگ چی رکشوں کی بھرمار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 106 |
| 58۔ | تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بھیرہ میں گائناکالوجسٹ کی عدم موجودگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 108 |
| 59۔ | فیصل آباد کے علاقے مکوآنہ میں فائر ورکس کی فیکٹری میں دھماکا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 109 |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 60۔ | ایوان میں وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز کی عدم موجودگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ | 110 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | رپورٹیں (جو پیش ہوئیں) | |
| 61۔ | جنوبی پنجاب کی 190 یونین کونسلز کے حسابات کی آڈٹ رپورٹ بابت سال 19-2018 کا پیش کیا جانا | 115 |
| 62۔ | میٹرو بس سسٹم لاہور کے لئے دریائے راوی پر پل کی تعمیر کے بارے کارکردگی آڈٹ رپورٹ سال 18-2017 کا پیش کیا جانا | 116 |
| | تحاریک التوائے کار | |
| 63۔ | سرکاری نوٹیفکیشن کے تحت خوشاب اور تھل کے پڑھے لکھے افراد کے کوٹا کو بڑھا کر سپیشل زون میں شامل کرنے کا مطالبہ | 116 |
| | رپورٹ (جو پیش ہوئی) | |
| 64۔ | مسودہ قانون تھل یونیورسٹی بھکر 2021 کے بارے مجلس قائمہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا | 118 |
| | سوموار، 22۔نومبر 2021 | |
| | جلد 37 : شمارہ 3 | |
| 65۔ | ایجنڈا | 123 |
| 66۔ | تلاوت قرآن پاک وترجمہ | 125 |
| 67۔ | نعت رسول مقبول ﷺ | 126 |
| | تعزیت | |
| 68۔ | معزز ممبر چودھری لیاقت علی کے بڑے بھائی کی وفات پر دعائے مغفرت | 127 |
| | سوالات (محکمہ ایکسائز و محصولات اور نارکوٹکس کنٹرول) | |
| 69۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 127 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **توجہ دلاؤ نوٹس** | |
| 70۔ | سرگودھا: تھانہ بھیرہ موضع چھانٹ گھر میں ڈکیتی کی واردات سے متعلقہ تفصیلات ------- | 139 |
| 71۔ | اوکاڑہ: تھانہ بصیر پور میں ڈاکوؤں کی لڑکی سے اجتماعی زیادتی اور ڈکیتی سے متعلقہ تفصیلات ----------- | 141 |
| 72۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ---------- | 144 |
| | **قرارداد** | |
| 73۔ | سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں اسمبلی کے انعقاد کو یقینی بنانے کا مطالبہ ---------- | 145 |
| | **پوائنٹ آف آرڈر** | |
| 74۔ | زراعت پر بحث کو کسی اور دن رکھنے کا مطالبہ ---------- | 146 |
| | **منگل، 23۔نومبر 2021** | |
| | **جلد 37 : شمارہ 4** | |
| 75۔ | ایجنڈا ----------- | 153 |
| 76۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ----------- | 157 |
| 77۔ | نعت رسول مقبول ﷺ ----------- | 158 |
| | **پوائنٹ آف آرڈر** | |
| 78۔ | فیصل آباد کے ایم پی ایز کو چناب کلب کی مستقل ممبر شپ دینے کا مطالبہ --------- | 159 |
| | **رپورٹ** (میعاد میں توسیع) | |
| 79۔ | پی اے سی 2 کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع ---------- | 161 |
| | **سوالات** (محکمہ محنت و انسانی وسائل) | |
| 80۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ---------- | 162 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 81۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) ------------ | 172 |
| | **غیر سرکاری ارکان کی کارروائی** | |
| | **مسودات قانون** (جو زیر غور لائے گئے) | |
| 82۔ | مسودہ قانون راشد لطیف خان یونیورسٹی 2021 ------------ | 182 |
| 83۔ | مسودہ قانون پنجاب کمیونٹی سیفٹی میئرز ان سپورٹس | |
| | اینڈ ہیلتھ کلبز پریمسز 2021 ------------ | 183 |
| 84۔ | مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور 2021 ------------ | 186 |
| 85۔ | مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف لاہور 2021 ------------ | 188 |
| 86۔ | مسودہ قانون (ترمیم) نیشنل کالج آف بزنس ایڈ منسٹریشن اینڈ اکنامکس، | |
| | لاہور 2021 متعارف کرنے کی اجازت کی تحریک ------------ | 190 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 87۔ | مسودہ قانون (ترمیم) نیشنل کالج آف بزنس ایڈ منسٹریشن اینڈ اکنامکس، | |
| | لاہور 2021 ------------ | 191 |
| 88۔ | مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک ------------ | 191 |
| | **مسودہ قانون** (جو متعارف ہوا) | |
| 89۔ | مسودہ قانون (ترمیم) پنجاب انسٹیٹیوٹ آف قرآن اینڈ سیرت سٹڈیز 021 ------------ | 192 |
| 90۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ------------ | 192 |
| | **قرارداد** | |
| 91۔ | اراکین اسمبلی کے الاؤنسز میں اضافہ مہنگائی کے تناسب سے کرنے کا مطالبہ ------ | 193 |
| 92۔ | قواعد کی معطلی کی تحریک ------------ | 195 |

| نمبر شمار | مندرجات | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | قرارداد | | |
| 93۔ | جم خانہ کلب راولپنڈی کی سرگرمیوں کو بحال کرنے کا مطالبہ | ------------ | 195 |
| | پوائنٹ آف آرڈر | | |
| 94۔ | مارکیٹ میں کھاد شارٹ ہونے کی وجہ سے قیمت میں کئی گنا اضافہ | ------------ | 200 |
| 95۔ | اجلاس کے اختتام کا اعلامیہ | ------------ | 204 |
| 96۔ | انڈیکس | | |

1

## اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ

**No.PAP/Legis-1(81)/2021/2658. Dated: 21st October, 2021.** The following Order, made by the Speaker, Provincial Assembly of the Punjab, is hereby published for general information:

In exercise of the powers conferred on me under clause (3) of Article 54 read with Article 127 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, **I, Parvez Elahi, *Speaker,*** Provincial Assembly of the Punjab, hereby summon the Provincial Assembly of the Punjab to meet on **Tuesday, 26th October, 2021 at 11.30 am** in the Assembly Chambers, Lahore.

**Dated: Lahore, the**
**21st October, 2021**

**PARVEZ ELAHI**
**SPEAKER "**

______________

3

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ26۔اکتوبر2021

## تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ محنت وانسانی وسائل)

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## زیرو آر نوٹس

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

## حصّہ اول

## (مسودات قانون)

1. The University of Lahore (Amendment) Bill 2021.

| | |
|---|---|
| MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>NAWAB ZADA WASEEM KHAN BADOZAI: | to move that leave be granted to introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021. |
| MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>NAWABZADA WASEEM KHAN BADOZAI: | to introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021. |

.........

4

2. The Rashid Latif Khan University Bill 2021.

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS UZMA KARDAR:<br>MS MOMINA WAHEED: | to move that leave be granted to introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS UZMA KARDAR:<br>MS MOMINA WAHEED: | to introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021. |

3. The Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021.

| | |
|---|---|
| MS KHADIJA UMAR:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>SYED USMAN MEHMOOD :<br>MS UZMA KARDAR: | to move that leave be granted to introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021. |
| MS KHADIJA UMAR:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>SYED USMAN MEHMOOD :<br>MS UZMA KARDAR: | to introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021. |

4. The University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021.

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MS UZMA KARDAR:<br>MS MOMINA WAHEED: | to move that leave be granted to introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:<br>MS UZMA KARDAR:<br>MS MOMINA WAHEED: | to introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021. |

5

# حصہ دوم

# قراردادیں

## (مفاد عامہ سے متعلق)

## (مورخہ 28۔ ستمبر 2021 کے ایجنڈے سے زیر التواء قرارداد)

1۔ شیخ علاؤالدین: (6۔مئی 2021 کو پیش ہو چکی ہے)

یہ معزز ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ (Resident) اور (Non-Resident) پاکستانیوں کے لئے شرح منافع جو (Non-Resident) کے لئے 7٪ غیر ملکی کرنسی پر اور ملکی کرنسی پر 11 فیصد تک دیا جارہا ہے۔ جبکہ (Resident) پاکستانیوں کو غیر ملکی کرنسی پر مشکل سے 1 فیصد اور پاکستانی کرنسی پر 3 فیصد سے 4 فیصد دیا جارہا ہے اور (Resident) پاکستانیوں سے اس منافع پر بھی 35 فیصد تک ٹیکس لیا جارہا ہے جبکہ (Non-Resident) سے منافع کی حد کے قطع نظر صرف 10 فیصد لیا جارہا ہے۔ اس ظلم اور زیادتی کو فوری طور پر ختم کیا جانا ضروری ہے اور یکساں شرح منافع کا ملنا انتہائی ضروری ہے۔

## (مورخہ 30۔ ستمبر 2021 کے اجلاس کی کارروائی سے زیر التواء قراردادیں)

1۔ سید عثمان محمود: سید حسن مرتضیٰ: خواجہ سلمان رفیق: (پیش ہو چکی ہے)

پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں میں 3350 طالب علموں کے داخلہ کی گنجائش ہے جن کے against انٹری ٹیسٹ میں تقریباً ایک لاکھ امیدوار appear ہوتے ہیں اور 93 فیصد نمبروں پر میرٹ close ہو جاتا ہے۔ ایم بی بی ایس پانچ سالوں میں مکمل ہوتا ہے اور ہر سال کے end پر PROFF کا امتحان ہوتا ہے یہ مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ایک سال کے لئے ہاؤس جاب کرنی ہوتی ہے تب جا کر سرکاری ملازمت کے حصول کے لئے PPSC میں appear ہونے کا اہل ہو سکتا ہے اور یہ قانون 1962 سے رائج ہے اور یہ سارا process، PMDC کے زیر انتظام ہے۔ اب PMDC ختم کر کے PMC بنایا گیا ہے، PMC نے اپنے ایکٹ کے سیکشن 20 میں ثبت کیا ہوا ہے کہ ایم بی بی ایس مکمل کرنے کے بعد NLE پاس کرے گا وہ ہاؤس جاب کا مستحق ٹھہرے گا ورنہ اس کی زندگی بھر کی محنت رائیگاں جائے گی۔ امریکہ اور برطانیہ میں SMLE اور PLAB کے exams ہوتے ہیں لیکن وہ پاس ہونے والے ڈاکٹرز کو لائسنس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ Residency دینے کے بھی پابند ہیں لیکن NLE پاس کرنے کے بعد ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ پھر دُنیا بھر کا قانون ہے کہ جو بھی فیصلے کئے جاتے ہیں وہ with immediate effect ہوتے ہیں وہ گزرے ہوئے سالہاسال سے لاگو نہیں ہوتے لہذا جن بچوں کی رجسٹریشن PMDC کے تحت ہوئی ہے اور انہوں نے باقاعدہ تمام قواعد وضوابط پر مشتمل surety bond لکھ کر دیئے ہوئے ہیں اب ان بچوں سے NLE لینا خلاف آئین و قانون ہے۔ اسی وجہ سے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء سراپا احتجاج ہیں اور اپنے مطالبے کے حق میں روزانہ سڑکوں پر ہیں۔ لہذا پنجاب کا یہ منتخب ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ PMC کے ایکٹ میں موجود شق نمبر 20 کو فی الفور ختم کیا جائے تاکہ ڈاکٹروں کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ احتجاج کا راستہ چھوڑ کر ہسپتالوں میں غریب اور لاچار مریضوں کی جانیں بچانے کے لئے اپنے فرائض ادا کریں۔

6

2۔ **رانا مشہود احمد خان:** (پیش ہو چکی ہے)

چین میں تعلیم حاصل کرنے والے ہزاروں پاکستانی طلبہ دسمبر 2019 سے لے کر آج تک مسائل کا شکار ہیں۔ انہیں واپس چین جا کر اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت چین انہیں واپسی کے لئے ویزے جاری نہیں کر رہی، ہزاروں کی تعداد میں یہ طلبہ اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی حالات کا شکار ہیں۔ دُنیا کے تمام ممالک اپنے ان طلبہ جو چین میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لئے مثبت کردار ادا کرتے ہوئے انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لئے واپس چین بھجوانے میں مددگار ثابت ہوئے ہیں جن میں امریکہ اور جنوبی کوریا سرفہرست ہیں۔ ہمارے طلبہ مکمل vaccination کروا چکے ہیں اور حکومت چین کی جانب سے مقرر کردہ تمام SOPs پر عملدرآمد کرنے کو تیار ہیں۔ PhD اور شعبہ طب کے حوالے سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو تحقیقی اور تجرباتی تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے جو کہ online کلاسز سے مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا۔ ان کے تعلیمی معاملات سے متعلقہ ان مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ چین سے رابطہ کر کے جلد از جلد اس مسئلہ کا حل نکالنے کی کوشش کرے اور ان ہزاروں طلبہ کی تعلیم اور مستقبل کے حوالے سے مبہم صورتحال کو واضح کرے تاکہ یہ طلبہ اپنی تعلیم چین سے مکمل کر کے واپس پاکستان آ کر اپنے ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ یہ ہماری اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے کہ اپنی نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچایا جائے۔ لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ چین سے رابطہ کر کے ان متاثرین طلبہ کے ویزے جاری کئے جائیں تاکہ وہ طلبہ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔

## (موجودہ قراردادیں)

1۔ **محترمہ ربیعہ نصرت:**

یہ ایوان پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کو مسترد کرتا ہے۔ حکومت نے پیٹرول کی بلند ترین قیمت کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ ڈالا ہے۔ عوام کو 40 روپے فی لیٹر کے جھوٹے دعویداروں نے 127 روپے فی لیٹر کر دیا ہے۔ پٹرول کی قیمت میں اضافہ مہنگائی کے ستائے عوام پر ظلم اور زیادتی کے مترادف ہے۔ حکومت آئی ایم ایف کے سامنے سرنگوں ہو چکی ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری میں مزید اضافہ ہو گا۔ تین سالوں میں روپیہ اپنی نصف قدر کھو چکا ہے۔ ڈالر کی بلند پرواز سے روپیہ ایشیاء کی بدترین کرنسی میں شمار ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لے تاکہ اشیاء ضروریہ کی قیمتیں بھی کم ہو سکیں۔

2۔ **محترمہ عظمیٰ کاردار:**

یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ صوبہ پنجاب کے غیر سرکاری اور صنعتی یونٹس جہاں خواتین کام کرتی ہیں اُن میں سے بیشتر اداروں میں خواتین ملازمین کو صوبہ کے کم سے کم اُجرت کے قانون کے مطابق مقررہ تنخواہ نہیں مل رہی۔ لہٰذا غیر سرکاری اور صنعتی اداروں میں نہ صرف کم سے کم اُجرت کے قانون پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے بلکہ پنجاب حکومت کے کم سے کم اُجرت کے حوالے سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کو صنعتی اداروں میں آویزاں کیا جائے۔

7

3- چودھری مظہر اقبال:
جناب محمد طاہر پرویز:

یہ ایوان بھارت کی ریاست اترپردیش کے ضلع سدھارتھ کے گاؤں کولوا میں نماز فجر کے بعد نامعلوم افراد کے ہاتھوں 55 سالہ مسلمان کو گولی مار کر قتل کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتا ہے اور حکومت پاکستان کے متعلقہ اعلیٰ ملازمین سے استدعا کرتا ہے کہ بھارتی ایمبیسڈر کو دفتر خارجہ بلوا کر اس واقع کی مذمت کرے اور ذمہ داران کے خلاف جلد از جلد کارروائی کرے۔

4- محترمہ مسرت جمشید:

پاکستان کی ہر دلعزیز شخصیت، پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے والے ایٹمی سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان 1936 میں بھارتی شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔ آپ اپنی آزادی کے بعد ہجرت کر کے پاکستان آئے، 1960 تک کراچی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی، جرمنی اور ہالینڈ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ 1976 میں پاکستان آکر انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹریز میں شمولیت اختیار کی جس کا نام یکم مئی 1981 کو ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز، رکھا گیا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی سربراہی میں 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے کامیاب ایٹمی تجربہ کیا اور اسی بنیاد پر 28 مئی "یوم تکبیر" کہلایا اور پاکستان ایٹمی طاقت بنا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر 13 طلائی تمغوں سے نوازا گیا، آپ کو 3 صدارتی ایوارڈز بھی دیئے گئے ہیں۔ آپ نے 150 سے زائد سائنسی تحقیقاتی مضامین تحریر کیے جو سائنسدانوں کے لئے خزانے سے کم نہیں۔ پاکستان کی ہر دلعزیز شخصیت، پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے والے ایٹمی سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان 10- اکتوبر 2021 کو رضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔ صوبائی اسمبلی پنجاب کا ایوان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی وفات کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ ان کی وفات کے بعد یہ خلاء صدیوں پورا نہیں ہو سکے گا۔ یہ ایوان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی وفات پر دلی دُکھ اور گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اور صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان دُعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے درجات بلند کرے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## GENERAL DISCUSSION

1. GENERAL DISCUSSION ON NEGLIGENCE IN DENGUE CONTROL.

   A MINISTER to move for General Discussion on Negligence in Dengue Control.

2. General Discussion on Price Hike.

   A MINISTER to move for General Discussion on Price Hike.

9

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## ایوان کے عہدے دار

| | | |
|---|---|---|
| جناب سپیکر | : | جناب پرویز الٰہی |
| جناب ڈپٹی سپیکر | : | سردار دوست محمد مزاری |
| وزیر اعلیٰ | : | جناب عثمان احمد خان بُزدار |
| قائد حزب اختلاف | : | جناب محمد حمزہ شہباز شریف |

## چیئر مینوں کا پینل

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | میاں شفیع محمد، ایم پی اے | پی پی۔258 |
| 2۔ | نوابزادہ وسیم خان بادوزئی، ایم پی اے | پی پی۔213 |
| 3۔ | جناب محمد عبداللہ وڑائچ، ایم پی اے | پی پی۔29 |
| 4۔ | محترمہ ذکیہ خان، ایم پی اے | ڈبلیو۔331 |

## کابینہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب عبدالعلیم خان | : | سینئر وزیر / وزیر خوراک |
| 2۔ | سید یاور عباس بخاری | : | وزیر سماجی بہبود و بیت المال |
| 3۔ | ملک محمد انور | : | وزیر مال |
| 4۔ | جناب محمد بشارت راجہ | : | وزیر قانون و پارلیمانی امور، امداد باہمی |
| 5۔ | راجہ راشد حفیظ | : | وزیر خواندگی و غیر رسمی بنیادی تعلیم |

10

| | | |
|---|---|---|
| 6۔ | جناب فیاض الحسن چوہان | : جیل خانہ جات |
| 7۔ | جناب یاسر ہمایوں | : وزیر ہائر ایجوکیشن<br>پنجاب انفارمیشن و ٹیکنالوجی بورڈ* |
| 8۔ | جناب عمار یاسر | : وزیر کانکنی ومعدنیات |
| 9۔ | جناب محمد اخلاق | : وزیر خصوصی تعلیم |
| 10۔ | جناب محمد رضوان | : وزیر تحفظ ماحول |
| 11۔ | سید سعید الحسن | : وزیر اوقاف ومذہبی امور |
| 12۔ | جناب عنصر مجید خان نیازی | : وزیر محنت وانسانی وسائل |
| 13۔ | جناب محمد سبطین خان | : وزیر جنگلات |
| 14۔ | جناب محمد اجمل | : وزیر چیف منسٹرز انسپکشن ٹیم |
| 15۔ | چودھری ظہیر الدین | : وزیر پبلک پراسیکیوشن |
| 16۔ | جناب ممتاز احمد | : وزیر آبکاری، محصولات ونار کوٹکس کنٹرول |
| 17۔ | جناب خیال احمد | : وزیر کالونیز، کلچر* |
| 18۔ | محترمہ آشفہ ریاض | : وزیر ترقی خواتین |
| 19۔ | جناب محمد تیمور خان | : وزیر امور نوجواناں، کھیلیں، آثار قدیمہ وسیاحت |
| 20۔ | میاں خالد محمود | : وزیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ |
| 21۔ | میاں محمد اسلم اقبال | : وزیر صنعت، تجارت وسرمایہ کاری |
| 22۔ | جناب مراد راس | : وزیر سکولز ایجوکیشن |
| 23۔ | میاں محمود الرشید | : وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ |
| 24۔ | ملک اسد علی | : وزیر ہاؤسنگ، شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ |

11

| | | |
|---|---|---|
| 25۔ جناب محمد ہاشم ڈوگر | : | وزیر بہبود آبادی |
| 26۔ سردار محمد آصف نکئی | : | وزیر مواصلات و تعمیرات |
| 27۔ سید صمصام علی شاہ بخاری | : | وزیر اشتمال املاک/جنگلی حیات وماہی پروری |
| 28۔ ملک نعمان احمد لنگڑیال | : | وزیر مینجمنٹ و پروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ |
| 29۔ سید حسین جہانیاں گردیزی | : | وزیر زراعت |
| 30۔ جناب محمد اختر | : | وزیر توانائی |
| 31۔ جناب محمد جہانزیب خان کھچی | : | وزیر ٹرانسپورٹ |
| 32۔ جناب شوکت علی لالیکا | : | وزیر زکوٰۃ و عشر |
| 33۔ مخدوم ہاشم جواں بخت | : | وزیر خزانہ |
| 34۔ جناب محمد محسن لغاری | : | وزیر آبپاشی |
| 35۔ سردار حسنین بہادر | : | وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ |
| 36۔ محترمہ یاسمین راشد | : | وزیر پرائمری وسیکنڈری ہیلتھ کیئر/ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن |
| 37۔ جناب اعجاز مسیح | : | وزیر انسانی حقوق واقلیتی امور |

12

# 4۔ پارلیمانی سیکرٹریز

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | راجہ صغیر احمد | : | جیل خانہ جات |
| 2۔ | چودھری محمد عدنان | : | مال |
| 3۔ | جناب اعجاز خان | : | چیف منسٹرز انسپکشن ٹیم |
| 4۔ | ملک تیمور مسعود | : | ہاؤسنگ، شہری ترقی و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ |
| 5۔ | راجہ یاور کمال خان | : | سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن |
| 6۔ | جناب سلیم سرور جوڑا | : | سماجی بہبود |
| 7۔ | میاں محمد اختر حیات | : | داخلہ |
| 8۔ | چودھری لیاقت علی | : | صعنت، تجارت و سرمایہ کاری |
| 9۔ | جناب محمد مامون تارڑ | : | سیاحت |
| 10۔ | چودھری فیصل فاروق چیمہ | : | آبکاری، محصولات و نارکوٹکس کنٹرول |
| 11۔ | جناب فتح خالق | : | سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن |
| 12۔ | جناب احمد خان | : | لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ |
| 13۔ | جناب تیمور علی لالی | : | اوقاف و مذہبی امور |
| 14۔ | جناب عادل پرویز | : | تحفظ ماحول |
| 15۔ | جناب شکیل شاہد | : | محنت |
| 16۔ | جناب غضنفر عباس شاہ | : | کالونیز |
| 17۔ | جناب شہباز احمد | : | لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ |

13

| | | |
|---|---|---|
| 18۔ جناب عمر آفتاب | : | منصوبہ بندی وترقیات |
| 19۔ جناب نذیر احمد چوہان | : | بیت المال |
| 20۔ جناب محمد امین ذوالقرنین | : | امداد باہمی |
| 21۔ جناب احمد شاہ کھگہ | : | توانائی |
| 22۔ سید عباس علی شاہ | : | قانون وپارلیمانی امور |
| 23۔ جناب محمد ندیم قریشی | : | اطلاعات وثقافت |
| 24۔ میاں طارق عبداللہ | : | ٹرانسپورٹ |
| 25۔ جناب نذیر احمد خان | : | خصوصی تعلیم |
| 26۔ رائے ظہور احمد | : | خوراک |
| 27۔ سید افتخار حسن | : | مینجمنٹ وپروفیشنل ڈیپلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ |
| 28۔ جناب محمد عامر نواز خان | : | کانکنی ومعدنیات |
| 29۔ جناب محمد شفیق | : | زکوٰۃ وعُشر |
| 30۔ جناب محمد سبطین رضا | : | ہائر ایجوکیشن |
| 31۔ جناب محمد رضا حسین بخاری | : | جنگلات، جنگلی حیات وماہی پروری |
| 32۔ جناب محمد عون حمید | : | خواندگی |
| 33۔ جناب محمد اشرف خان رند | : | آبپاشی |
| 34۔ جناب شہاب الدین خان | : | مواصلات وتعمیرات |
| 35۔ جناب محمد طاہر | : | زراعت |
| 36۔ سردار محمد محی الدین خان کھوسہ | : | خزانہ |
| 37۔ جناب مہندر پال سنگھ | : | انسانی حقوق |

14

## ایڈووکیٹ جنرل

جناب احمد اویس

## ایوان کے افسران

| | | |
|---|---|---|
| سیکرٹری اسمبلی | : | جناب محمد خان بھٹی |
| ڈائریکٹر جنرل(پارلیمانی امور اینڈ ریسرچ) | : | جناب عنایت اللہ لک |

15

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا چھتیسواں اجلاس

منگل ،26۔اکتوبر2021

(یوم الثلاثہ،19۔ربیع الاوّل1443ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں دوپہر1بج کر21منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا
خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ﴿١١٥﴾ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۖ
لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ ﴿١١٦﴾ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ
لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ﴿١١٧﴾
وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ﴿١١٨﴾

المؤمنون آیات نمبر115تا118

کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے مقصد پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے؟o تو اللہ جو سچا بادشاہ ہے اس کی شان اس سے اونچی ہے۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی عرش کریم کا مالک ہےo اور جو شخص اللہ کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کوئی بھی سند نہیں تو اس کا حساب اس کے رب کے ہاں ہو گا۔کچھ شک نہیں کہ کافر کامیاب نہیں ہوں گے o اور اللہ سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہےo

وَمَاعلینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب سرور حسین نقشبندی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

خدا کی بات بات اپنی زبانی کرنے آئے تھے
محمد ﷺ اپنے رب کی ترجمانی کرنے آئے تھے
انہیں روحوں کو ذہنوں کو دلوں کو فتح کرنا تھا
وہ پتھر جیسے انسانوں کو پانی کرنے آئے تھے
نہ آئے ہم کو اپنی ذات سے بھی دوستی کرنی
وہ اپنے دشمنوں پر بھی مہربانی کرنے آئے تھے
نہ تھی محدود اپنے عہد تک پیغمبری ان کی
ازل سے تا ابد وہ حکمرانی کرنے آئے تھے
مجسم اک نمونہ بن کے اخلاق و محبت کا
مظفر کو فنا فی النعت خوانی کرنے آئے تھے

**جناب سپیکر:** اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمoبسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سیکرٹری اسمبلی سے کہوں گا کہ وہ پینل آف چیئر مین کا اعلان کریں۔

## چیئر مینوں کا پینل

**سیکرٹری اسمبلی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 13 کے تحت جناب سپیکر نے اسمبلی کے موجودہ اجلاس کے لئے مندرجہ ذیل ترتیب سے چار معزز ممبران پر مشتمل پینل آف چیئر مین نامزد فرمایا ہے:

1 میاں شفیع محمد، ایم پی اے پی پی۔258
2. نوابزادہ وسیم خان بادوزئی، ایم پی اے پی پی۔213
3. جناب محمد عبداللہ وڑائچ، ایم پی اے پی پی۔29
4. محترمہ ذکیہ خان، ایم پی اے ڈبلیو۔331

شکریہ

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے کچھ معزز ممبران اپنے بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے)

## تعزیت

**پاکستان کے قومی ہیرو ڈاکٹر عبدالقدیر خان (مرحوم)، معزز ممبر جناب نشاط احمد خان ڈاہا (مرحوم)، صادق آباد میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد، معزز ممبر قومی اسمبلی جناب محمد پرویز ملک کی وفات پر دعائے مغفرت اور معزز ممبر جناب پیٹر گِل کی وفات پر ایک منٹ کی خاموشی**

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیمOاب ہم نے پہلے فاتحہ خوانی کرنی ہے۔ ہمارے قومی ہیرو ڈاکٹر عبدالقدیر خان وفات پا گئے ہیں تو ان کے لئے فاتحہ خوانی کرنی ہے۔ اس ہاؤس کے معزز ممبر جناب نشاط

احمد خان ڈاہا وفات پا گئے ہیں ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی کرنی ہے۔ ہمارے معزز ممبر جناب پیٹر گِل کی وفات ہوئی ہے تو ان کے لئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جائے گی۔ رحیم یار خان تحصیل صادق آباد میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جو لوگ قتل ہوئے ہیں ان کے لئے فاتحہ خوانی کرنی ہے۔ جناب پرویز ملک، ایم این اے وفات پا گئے ہیں تو ان کے لئے بھی دُعائے مغفرت کرنی ہے۔

آج کے اجلاس کی باقی ساری کارروائی suspend کی جاتی ہے صرف کچھ important bills lay ہونے ہیں تو وہ lay کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ایک قرارداد پیش کی جائے گی۔۔۔

(اس مرحلہ پر مسودہ قانون کے علاوہ تمام کارروائی مؤخر کی گئی)

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! روایت تو یہ رہی ہے کہ۔۔۔

**جناب سپیکر:** رانا صاحب! میں بات کر رہا ہوں۔ آپ تشریف رکھیں۔ آپ ماشاءاللہ سپیکر رہے ہیں اور جب آپ بولتے تھے تو سارے معزز ممبران آپ کی بات سُنتے تھے۔ آپ بھی میری بات سُن لیں۔ میں یہ بتا رہا تھا کہ آج ایک مشترکہ قرارداد پیش کی جائے گی اور اس کے بعد ہاؤس کی کارروائی کل تک کے لئے ملتوی کر دی جائے گی۔ کل جناب محمد حمزہ شہباز شریف، قائد حزب اختلاف price hike کے حوالے سے debate open کریں گے۔ دوپہر ایک بجے سب سے پہلے جناب محمد حمزہ شہباز شریف اپنی تقریر کریں گے۔ اس کے بعد پھر حکومت کی طرف سے میاں محمد اسلم اقبال وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری اس کا جواب دیں گے۔ اس طرح discussion open ہو جائے گی۔ کل بھی اجلاس ساڑھے گیارہ بجے دن منعقد ہو گا۔ اب سب سے پہلے تمام مرحومین کے لئے فاتحہ خوانی کر لی جائے۔

**میاں جلیل احمد:** جناب سپیکر! تحریک لبیک کے کارکن شہید ہوئے ہیں تو ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی کی جائے۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب سپیکر! پولیس کے جو ملازمین شہید ہوئے ہیں ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی کی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، سب کے لئے فاتحہ خوانی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر تمام مرحومین کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی)

**جناب سپیکر:** اب جناب پیٹر گل (مرحوم) کے لئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جائے۔

(اس مرحلہ پر جناب پیٹر گل (مرحوم) کے لئے ہاؤس میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی)

**جناب طارق مسیح گل:** جناب سپیکر! میں جناب پیٹر گل اور دوسرے مرحومین کے لئے دُعائے مغفرت کرنی چاہتا ہوں۔ مجھے دُعا کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، آپ دُعا کر لیں۔

(اس مرحلہ پر جناب طارق مسیح گل، ایم پی اے نے دُعائے مغفرت کی)

## رپورٹ

(جو پیش ہوئی)

## مسودہ قانون (ترمیم) سول سرونٹس پنجاب 2021 کے بارے

## مجلس خصوصی نمبر 12 کی رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

**جناب سپیکر:** نوابزادہ وسیم خان بادوزئی خصوصی کمیٹی نمبر 12 کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ میں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ وہ رپورٹ پیش کریں۔

**نوابزادہ وسیم خان بادوزئی:** جناب سپیکر! میں

"The Punjab Civil Servants (Amendment) Bill 2021

(Bill No.39 of 2021)"

کے بارے میں مجلس خصوصی نمبر 12 کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش ہوئی)

**جناب سپیکر:** رپورٹ پیش ہوئی۔ اب غیر سرکاری ارکان کی کارروائی شروع کی جاتی ہے۔

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

## تحریک

**MR SPEAKER:** Now, we take up the University of Lahore (Amendment) Bill 2021. Mr Muhammad Abdullah Warraich or any other mover may move the motion for leave of the Assembly.

### مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک

**MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:** Mr Speaker, I move:

> "That leave be granted to introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021."

Now, the question is:

> "That leave be granted to introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021."

(The motion was carried and the leave was granted.)

## مسودہ قانون

### (جو متعارف ہوا)

**MR SPEAKER:** Mr Muhammad Abdullah Warraich may introduce the Bill.

## مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف لاہور 2021

**MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH:** Mr Speaker! I introduce the University of Lahore (Amendment) Bill 2021.

**MR SPEAKER:** The University of Lahore (Amendment) Bill 2021 has been introduced and is referred to the Standing Committee on Higher Education with the direction to submit its report within two months.

## تحریک

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Rashid Latif Khan University Bill 2021. Mr Sajid Ahmed Khan or any other mover may move the motion for leave of the Assembly.

## مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک

**MR SAJID AHMED KHAN:** Mr Speaker! I move:

> "That leave be granted to introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021."

Now, the question is:

> "That leave be granted to introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021."

(The motion was carried and the leave was granted.)

## مسودہ قانون

(جو متعارف ہوا)

**MR SPEAKER:** Mr Sajid Ahmed Khan may introduce the Bill.

### مسودہ قانون راشد لطیف خان یونیورسٹی 2021

**MR SAJID AHMED KHAN:** Mr Speaker! I introduce the Rashid Latif Khan University Bill 2021.

**MR SPEAKER:** The Rashid Latif Khan University Bill 2021 has been introduced and is referred to the Standing Committee on Higher Education with the direction to submit its report within two months.

## تحریک

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021. Ms Uzma Kardar or any other mover may move the motion for leave of the Assembly.

ہم یہ بل لے کے آرہے ہیں، میں اس کے حوالے سے تھوڑا سا explain بھی کر دوں۔ جناب محمد پرویز ملک کی death کے حوالے سے جو واقعہ ہوا تھا میں نے وہاں جا کر دیکھا تو ہمارے health and sports clubs میں کوئی arrangements نہیں ہیں کہ اگر کوئی واقعہ پیش آجائے تو اُنہیں طبی امداد دی جائے۔ جناب محمد پرویز ملک کو during swimming heart attack ہوا تھا لیکن وہاں پر کوئی انتظام ہی نہیں تھا اور اس طرح کا انتظام کسی بھی جگہ پر نہیں ہے تو ہم نے یہ سوچا ہے کہ اس کو legalize کر کے تمام stadiums and sports clubs میں یہ ساری سہولیات مہیا ہونی چاہئیں۔ ہم نے اس کے ساتھ Rescue-1122 کو attach کیا ہے اور جب بل اسمبلی میں آئے گا تو تمام معزز

ممبران اُس کو پڑھ بھی لیں گے۔ ہم اس بل کو ایک Special Committee میں بھیج رہے ہیں جس کی سربراہی وزیر قانون و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ) کریں گے کیونکہ اس میں بہت سارے قانونی پہلو بھی ہیں۔ امریکہ اور یورپ میں بھی یہ قانون موجود ہے ہم اُن کے قوانین کو منگوا کر دیکھ رہے ہیں اور ہم اس میں زیادہ سے زیادہ بہتری لے کر آئیں گے۔ جی، محترمہ عُظمیٰ کاردار!

## مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک

**MS UZMA KARDAR:** Mr Speaker! I move:

> "That leave be granted to introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021."

Now, the question is:

> "That leave be granted to introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021."

(The motion was carried and the leave was granted.)

## مسودہ قانون

(جو متعارف ہوا)

**MR SPEAKER:** Ms Uzma Kardar may introduce the Bill.

## مسودہ قانون کمیونٹی سیفٹی میئرز ان سپورٹس اینڈ ہیلتھ کلبز پریمسز پنجاب 2021

**MS UZMA KARDAR:** Mr Speaker! I introduce the Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021.

**MR SPEAKER:** The Punjab Community Safety Measures in Sports and Health Club's Premises Bill 2021 has been introduced and is referred to the Special Committee No.12 with the direction to submit its report within two months.

## تحریک

**MR SPEAKER:** Now, we take up the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021. Ms Momina Waheed or any other mover may move the motion for leave of the Assembly.

## مسودہ قانون متعارف کرنے کے لئے اجازت کی تحریک

**MS MOMINA WAHEED:** Mr Speaker! I move:

> "That leave be granted to introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021."

Now, the question is:

> "That leave be granted to introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021."

(The motion was carried and the leave was granted.)

## مسودہ قانون

(جو متعارف ہوا)

**MR SPEAKER:** Ms Momina Waheed may introduce the Bill.

## مسودہ قانون (ترمیم) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور 2021

**MS MOMINA WAHEED:** Mr Speaker! I introduce the University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021.

**MR SPEAKER:** The University of Management and Technology, Lahore (Amendment) Bill 2021 has been introduced and is referred to the Standing Committee on Higher Education with the direction to submit its report within two months.

اب ایک قرارداد ہے جو کافی توجہ طلب ہے۔ اس قرارداد کے محرکین محترمہ خدیجہ عمر، محترمہ باسمہ چودھری اور جناب محمد الیاس ہیں۔ میں آپ لوگوں کو اس قرارداد کی اہمیت کے بارے میں بتاتا چلوں۔ ہمارے سامنے بہت سارے ایسے واقعات آئے اور ہمارے پاس بہت سارا ایسا ریکارڈ جمع ہوتا رہا۔ پنجاب اسمبلی میں آپ سب نے متفقہ طور پر "قرآن ایکٹ" پاس کیا اور اُس سے پہلے ختم نبوت ﷺ کے حوالے سے آپ سب نے قانون سازی کی ہے۔ اب ٹیکسٹ بک بورڈ اور جہاں جہاں پر کوئی کتاب پبلش ہوتی ہے تو جہاں جہاں حضور ﷺ کا نام آئے گا، ساتھ لکھا جائے گا، "آخری نبی ﷺ اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں آنے والا"۔ ہم نے یہ دیکھا کہ نکاح نامہ میں بھی یہ چیز آنی بہت ضروری ہے۔ ہمارے پاس بہت سارے cases آئے ہیں جن میں یہ ہوا کہ شادی ہو گئی لیکن بعد میں پتا چلا کہ دُلہا قادیانی ہے اور اُن کے بچے بھی ہو گئے۔ کچھ خواتین تو بچے لے کر اپنے اپنے میکے چلی گئی ہیں کہ یہ تو مسلمان ہی نہیں ہے تو ہم نے ضروری سمجھا کہ نکاح نامہ میں ہی یہ چیز mention کر دی جائے کہ "آخری نبی حضور پاک ﷺ پر پختہ یقین ہے اور اُن کے بعد کوئی نبی نہیں آنے والا اور یہ آخری نبی ﷺ ہیں۔" یہ بات ہمارے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ میں بھی درج ہے تو یہ سوچا گیا کہ یہ کمی رہ گئی ہے تو اس کو پورا کیا جائے۔ محرکین اس قرارداد کو پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔ محرک اپنی تحریک پیش کریں۔ جی، محترمہ خدیجہ عمر!

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**محترمہ خدیجہ عمر:** جناب سپیکر! شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کے حلف نامے کا کالم شامل کرنے سے متعلق قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب سپیکر:** جی، یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کے حلف نامے کا کالم شامل کرنے سے متعلق قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کے حلف نامے کا کالم شامل کرنے سے متعلق قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی)

## قرارداد

**جناب سپیکر:** جی، اب محرک اپنی قرارداد پیش کریں۔

## مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961 کے تحت نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کرنے کا مطالبہ

**محترمہ خدیجہ عمر:** جناب سپیکر! شکریہ

"پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان حکومت پنجاب سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم (قادیانی، احمدی وغیرہ) میں فرق واضح کرنے کے لئے NADRA فارم اور PASSPORT فارم میں مندرج حلف نامے کی طرز پر

The Muslim Family Laws Ordinance 1961 کے تحت وضع کئے ہوئے قواعد کے قاعدہ نمبر 8 اور 10 کے تحت مجوزہ نکاح نامہ فارم میں بھی ختم نبوت کا مندرجہ ذیل حلف نامے کے ساتھ کالم شامل کیا جائے۔"

"میں مسلمان ہوں اور نبی حضرت محمد ﷺ کے آخری، حتمی اور غیر مشروط خاتم النبیین ہونے پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں۔ میں ایسے کسی بھی شخص کو نہیں مانتا/مانتی ہوں جو محمد ﷺ کے بعد لفظ "نبی" کی کسی بھی تشریح یا کسی بھی ممکنہ حوالے سے نبی ہونے کا دعویٰ کرے، یا نبوت کے ایسے مدعی کو نبی یا مذہبی مصلح، یا مسلمان ہی نہیں مانتا/مانتی ہوں۔ میں مرزا غلام احمد قادیانی کو جھوٹا نبی سمجھتا/سمجھتی ہوں اور اس کے لاہوری یا قادیانی گروپ سے تعلق رکھنے والے پیروکاروں کو غیر مسلم سمجھتا/سمجھتی ہوں۔"

**جناب سپیکر:** جی، یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان حکومت پنجاب سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم (قادیانی، احمدی وغیرہ) میں فرق واضح کرنے کے لئے NADRA فارم اور PASSPORT فارم میں مندرج حلف نامے کی طرز پر The Muslim Family Laws Ordinance 1961 کے تحت وضع کئے ہوئے قواعد کے قاعدہ نمبر 8 اور 10 کے تحت مجوزہ نکاح نامہ فارم میں بھی ختم نبوت کا مندرجہ ذیل حلف نامے کے ساتھ کالم شامل کیا جائے۔"

"میں مسلمان ہوں اور نبی حضرت محمد ﷺ کے آخری، حتمی اور غیر مشروط خاتم النبیین ہونے پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں۔ میں ایسے کسی بھی شخص کو نہیں مانتا/مانتی ہوں جو محمد ﷺ کے بعد لفظ "نبی" کی کسی بھی تشریح یا کسی بھی ممکنہ حوالے سے نبی ہونے کا دعویٰ کرے، یا نبوت کے ایسے مدعی کو نبی یا مذہبی مصلح، یا مسلمان ہی نہیں مانتا/مانتی ہوں۔ میں مرزا غلام احمد قادیانی کو جھوٹا نبی سمجھتا/سمجھتی ہوں اور اس کے لاہوری یا قادیانی گروپ سے تعلق رکھنے والے پیروکاروں کو غیر مسلم سمجھتا/سمجھتی ہوں۔"

جی، یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اوراب سوال یہ ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان حکومت پنجاب سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم (قادیانی، احمدی وغیرہ) میں فرق واضح کرنے کے لئے NADRAفارم اورPASSPORTفارم میں مندرج حلف نامے کی طرز پر The Muslim Family Laws Ordinance 1961 کے تحت وضع کئے ہوئے قواعد کے قاعدہ نمبر8اور10 کے تحت مجوزہ نکاح نامہ فارم میں بھی ختم نبوت کا مندرجہ ذیل حلف نامے کے ساتھ کالم شامل کیا جائے۔"

"میں مسلمان ہوں اور نبی حضرت محمدﷺ کے آخری، حتمی اور غیر مشروط خاتم النبیین ہونے پر ایمان رکھتا/رکھتی ہوں۔ میں ایسے کسی بھی شخص کو نہیں مانتا/مانتی ہوں جو محمدﷺ کے بعد لفظ "نبی" کی کسی بھی تشریح یا کسی بھی ممکنہ حوالے سے نبی ہونے کا دعویٰ کرے، یا نبوت کے ایسے مدعی کو نبی یا مذہبی مصلح، یا مسلمان ہی نہیں مانتا/مانتی ہوں۔ میں مرزا غلام احمد قادیانی کو جھوٹا نبی سمجھتا/سمجھتی ہوں اور اس کے لاہور یا قادیانی گروپ سے تعلق رکھنے والے پیروکاروں کو غیر مسلم سمجھتا/سمجھتی ہوں۔"

(قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی)

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، رانا محمد اقبال خان!

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! شکریہ۔ میں نے جناب نشاط احمد خان ڈاہا! کے بارے میں بات کرنی تھی لیکن آپ نے پہلے ہی ان کے بارے میں بات کر دی ہے۔ وہ اس ہاؤس کے معزز ممبر تھے جو اللہ کو پیارے ہو گئے تو ان کے لئے ہمیں چاہئے کہ آج کے اجلاس کی کارروائی کو معطل کیا جائے اور آج کے اجلاس کی کارروائی کو کل پر رکھا جائے۔ شکریہ

**جناب سپیکر:** جی، رانا صاحب! ہم وہی کر رہے ہیں۔ آج کے اجلاس کا ایجنڈا مکمل ہوا لہٰذا اب اجلاس مورخہ 27۔اکتوبر2021بروز بدھ 11:30 a.m بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---